**31.07.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

.....................................

☆ مرکزی کابینہ نے پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا کی توسیع کیلئے 6ہزار520 کروڑ روپئے کے کُل اخراجات کی منظوری دے دی ہے۔
☆ حکومت نے چار برس کیلئے امدادِ باہمی سے متعلق قومی ترقیاتی کارپوریشن NCDC کی مدد کیلئے دو ہزار کروڑ روپئے کی گرانٹ کی بھی منظوری دی ہے۔
☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے سبب بار بار رخنہ اندازی ہوئی جو بہار میں ووٹر فہرست کی خصوصی نظرثانی مہم پر بحث کا مطالبہ کر رہی تھیں۔
☆ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے پارلیمنٹ میں کہا کہ امریکہ کی جانب سے جوابی محصول کے اعلان کے بعد بھارت قومی مفادات کے تحفظ کے سلسلے میں سبھی اقدامات کرے گا۔
☆ میانمار میں نئی مرکزی حکومت کی تشکیل کا اعلان کیا گیا ہے جس کی قیادت وزیر اعظم U Nyo Saw کریں گے۔
☆ اور بیڈمنٹن میں بھارت کے لکشیہ سین اور Tharun Mannepalli مکاؤ اوپن کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

.....................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet**

مرکزی کابینہ نے 15ویں مالیاتی کمیشن کی مدت FCC کے دوران مرکزی سیکٹر کی جاری اسکیم ''پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا'' PMKSY کیلئے 1920 کروڑ روپے کی اضافی رقم سمیت کُل 6ہزار 520 کروڑ روپے کے اخراجات کی منظوری دی ہے۔ آج دوپہر نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس منظوری میں مربوط کولڈ چین اور قدر میں اضافے کے بنیادی ڈھانچے ICCVAI کی جزوی اسکیم کے تحت 50ملٹی پروڈکٹ فوڈ Irradiation یونٹس قائم کرنے کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے کی رقم بھی شامل ہے۔ اس میں خوراک کی حفاظت اور معیار کی یقین دہانی کے بنیادی ڈھانچے FSQAI اسکیم

کے تحت NABL سے منظور شدہ خوراک کی جانچ کیلئے 100 لیبارٹریوں کا قیام بھی شامل ہے۔

اِس میں 15ویں مالیاتی کمیشن کی مدت کے دوران پردھان منتری کسان سمپدا یوجنا PMKSY کی مختلف ذیلی اسکیموں کے تحت پروجیکٹوں کی منظوری کے لیے 920 کروڑ روپے کی رقم بھی شامل ہے۔

S/B: 1605- Aswini Vaishnav on Krishi Sampada

کابینہ نے امداد باہمی کے اداروں کیلئے قومی ترقیاتی کارپوریشن NCDC کو مالی امداد کے طور پر 2ہزار کروڑ روپے کے اخراجات کے ساتھ مرکزی شعبے کی ایک نئی اسکیم کی بھی منظوری دی ہے، جو سال 2025-26 سے 2028-29 تک کُل چار برسوں پر محیط ہوگی۔ اس مالی امداد کی بنیاد پر، NCDC آئندہ چار برسوں میں کھلے بازار سے 20ہزار کروڑ روپے کی رقم اکٹھا کرنے کے قابل ہو جائے گا۔

S/B: 1605-Ashwini Vaishnav on NCDC

اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مہاراشٹرا، مدھیہ پردیش، مغربی بنگال، بہار، اوڈیشہ اور جھارکھنڈ کے 13ضلعوں کا احاطہ کرنے والے چار ملٹی ٹریکنگ پروجیکٹوں کی بھی منظوری دی ہے۔ ان پروجیکٹوں سے بھارتی ریلوے کے موجودہ نیٹ ورک میں تقریباً 574 کلومیٹر کا اضافہ ہوگا۔ ان پروجیکٹوں کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 11ہزار 169 کروڑ روپے ہے۔ اِن پروجیکٹوں کے 2028-29 تک مکمل ہونے کا امکان ہے۔x

## PM Kisan Instalment

وزیر اعظم نریندر مودی، ہفتے کے روز، اترپردیش کے وارانسی کے اپنے دورے کے دوران پی ایم کسان کی 20ویں قسط جاری کریں گے۔ وہ 9 کروڑ 70لاکھ سے زیادہ کسانوں کو 20ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم فراہم کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی تقریباً 2ہزار 200 کروڑ روپے کی مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ x

## President AIIMS Deoghar

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اپنے قیام کے محض چھ سال کے دوران بالخصوص پانچ قبائلی گاؤوں کو اپنا کر اور بہتر بنیادی طبی خدمات کو یقینی بنا کر قبائلی علاقوں میں حفظانِ صحت کے نظام کو بہتر بنانے کے اپنے عزم کیلئے ایمس دیوگھر کی ستائش کی۔ محترمہ دروپدی مرمو، جھارکھنڈ کے دیوگھر ضلع میں ایمس دیوگھر کے پہلے جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے دور دراز کے علاقوں میں رہائش پذیر قبائلی لوگوں کو دواؤں کی فراہمی کیلئے ڈرون ٹیکنالوجی کے اختراعی استعمال کی ستائش کی اور صحتِ عامہ سے وابستہ مشاورتی خدمات کے سلسلے میں اُس کی کوششوں کو سراہا۔ پائیدار ترقیاتی اہداف کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے طلباء، اساتذہ اور حفظانِ صحت کے پیشہ ور افراد پر زور دیا کہ وہ طے شدہ وقت کے اندر قومی اور ریاستی سطح پر مقرر کردہ صحت اہداف کو حاصل کرنے کیلئے ملکر کام کریں۔

S/B: 2100- Prez Munrmu

**Malegaon Blasts**

ممبئی میں، قومی جانچ ایجنسی NIA کی ایک خصوصی عدالت نے 2008 کے مالیگاؤں دھماکوں کے کیس میں سبھی 7 ملزموں کو بری کردیا ہے۔ اِن میں BJP کی سابق ممبرِ پارلیمنٹ پرگیہ سنگھ ٹھاکر اور لیفٹیننٹ کرنل پرساد پروہت بھی شامل ہیں۔NIA عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ استغاثہ کیس کو ثابت کرنے میں ناکام رہا ہے اور ملزم، شُبے کا فائدہ حاصل کرنے کے مستحق ہیں۔ عدالت نے کہا کہ غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کی دفعات کا اطلاق مذکورہ کیس پر نہیں ہوسکتا۔ عدالت نے مہاراشٹر سرکار کو یہ ہدایت دی ہے کہ وہ ہلاک ہونے والوں کے کنبوں کو دو - دو لاکھ روپے کا معاوضہ اور زخمیوں کو 50 - 50ہزار روپے فراہم کرے۔ 29 ستمبر 2008 کو مالیگاؤں شہر میں ایک مسجد کے نزدیک ایک موٹر سائیکل پر باندھے گئے دھماکہ خیز حربے کے چھٹنے سے چھ افراد کی موت ہوگئی تھی اور 95افراد زخمی ہوئے تھے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ملزمان میں سے ایک کے وکیل رنجیت نایر نے کہا کہ استغاثہ ملزموں کے خلاف الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہا۔

S/B Adv. Ranjeet Nair Lawyer/Mumbai NIA

**PARL Adjourn**

آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے سبب بار بار ملتوی کی گئی، جو بہار میں ووٹر فہرست کی خصوصی نظرثانی مہم پر بحث کا مطالبہ کر رہی تھیں۔ لوک سبھا کی کارروائی دو مرتبہ اور راجیہ سبھا کی کارروائی تین مرتبہ ملتوی کی گئی، جس کے بعد دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ دوسری مرتبہ ملتوی کئے جانے کے بعد جب سہ پہر چار بجے لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے امریکہ کی جانب سے جوابی محصول کے اعلان کے بارے میں ایوانِ زیریں میں اظہارِ خیال کیا۔ ایوان سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ حکومت بھارتی اشیا پر امریکہ کے حالیہ 25فیصد محصول کے اعلان کے اثرات کا جائزہ لے رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ ملک قومی مفادات کے تحفظ کے سلسلے میں سبھی اقدامات کرے گا۔

S/B 2100 Piyush Goyal India US Trade Talks

اس کے بعد شور شرابے کے درمیان اسپیکر اوم برلا نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔ راجیہ سبھا میں بھی اِسی طرح کی صورتحال رہی۔ ایوان کی کارروائی جب سہ پہر ساڑھے چار بجے دوبارہ شروع ہوئی تو کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے بھارتی اشیا پر امریکہ کے جوابی محصول کے اعلان کا ذکر کیا۔ شور وغل جاری رہنے کے سبب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔x

**PM UAE Prez Call**

وزیر اعظم نریندر مودی نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے ساتھ ٹیلیفون پر بات

چیت کی۔ ایک بیان میں وزیر اعظم کے دفتر نے کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان دو طرفہ جامع اسٹریٹیجک شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں لیڈروں نے مختلف شعبوں میں دو طرفہ اشتراک و تعاون کی قابل ذکر پیشرفت کا جائزہ لیا اور دونوں ملکوں کے عوام کے باہمی فائدے کیلئے دو طرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ بات چیت کے دوران متحدہ عرب امارات کے صدر نے جناب مودی کو بھارت کی تاریخ میں وزیر اعظم کے طور پر دوسری طویل ترین مدت تک خدمات انجام دینے پر مبارکباد دی اور ملک کی خدمت میں اُن کی مسلسل کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ x

## EC Vice Prez Election

انتخابی کمیشن نے آئین کے مطابق نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب 2025 کیلئے الیکٹورل کالج فہرست کو حتمی شکل دے دی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ کو الیکٹورل کالج کی جانب سے منتخب کیا جاتا ہے، جو راجیہ سبھا کے منتخب ارکان، راجیہ سبھا کے نامزد ارکان اور لوک سبھا کے منتخب ارکان پر مشتمل ہوتا ہے۔ آئین کی دفعہ 324 کے تحت انتخابی کمیشن، نائب صدر جمہوریہ کا انتخابی عمل انجام دیتا ہے۔ x

## Scindia Mobile Conclave

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے آج کہا ہے کہ ایلن مسک کی اسٹار لنک کمپنی کو بھارت میں سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس کے آغاز کیلئے لائسنس مل گیا ہے اور اِس سلسلے میں اسپیکٹرم کیلئے ایک طریقہ کار بھی وضع کیا گیا ہے۔ نئی دلّی میں موبائل ٹیلی فون کے 30 برس مکمل ہونے کے موقع پر موبائل کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ گذشتہ 11 برس میں بھارت کی ڈیجیٹل سفر غیر معمولی رہا ہے۔

S/B Jyotiraditya Scindia

انھوں نے کہا کہ ملک میں اب ایک ارب 20 کروڑ ٹیلی فون کنکشن ہیں اور انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد میں 286 فیصد اضافہ ہوا ہے اور یہ 97 کروڑ ہے۔x

## Myanmar New Govt

آج میانما کی قومی دفاعی اور سکیورٹی کونسل NDSC نے نئی مرکزی حکومت اور ملک کے سکیورٹی اور امن کمیشن کی تشکیل کی۔ میانما کے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے مطابق مرکزی حکومت کی قیادت U Nyo Saw بطور وزیر اعظم کریں گے اور ملک کے سکیورٹی اور امن کمیشن کے صدر سینئر جنرل Min Aung Halaing ہوں گے۔ NDSC نے دفاعی سروسز کے کمانڈر اِن–چیف کو اعلیٰ اختیارات منتقل کرنے کے حکم کو رد کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ میانما کی سرکاری انتظامی کونسل کے ایک ترجمان Zaw Min Tun نے کہا ہے کہ NDSC نے عام انتخابات کرانے کیلئے ایمرجنسی کو ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ فروری 2021 میں اُس وقت کے کارگزار صدر U Myint Swe نے ایک سال کیلئے ایمرجنسی کا اعلان کیا تھا اور دفاعی سروسز کے کمانڈر اِن–چیف کو اعلیٰ اختیارات

منتقل کردیئے تھے۔

### India Panama Talks

Panama کے نائب وزیر خارجہ Carlos Arturo Hoyos اور مغربی ملکوں سے متعلق امور کے سکریٹری تنمے لال نے نئی دلّی میں وفد سطح کی بات چیت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں ممالک نے اقوام متحدہ سے متعلق معاملات پر مفید تبادلۂ خیال کیا۔ بھارت نے Panama کی اگست 2025میں اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی سود مند صدارت کیلئے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ Panama کے نائب وزیر خارجہ نے دو طرفہ بات چیت کو نتیجہ خیز قرار دیا۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں جناب Hoyos نے کہا کہ تبادلۂ خیال میں دونوں ممالک کے باہمی دلچسپی کے معاملات شامل تھے۔ x

### Macau Open

بیڈمنٹن میں بھارت کے لکشیہ سین اور Tharun Mannepalli، مکاؤ اوپن ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ Tharun نے ہانگ کانگ کے کھلاڑی Lee Cheuk Yiu کو اُنیس–اکیس، اکیس–چودہ، بائیس–بیس سے شکست دی، جبکہ لکشیہ سین نے انڈونیشیا کے کھلاڑی Chico Aura Dwi Wardoyo کو اکیس–چودہ، چودہ–اکیس، اکیس–سترہ سے ہرایا۔ آیوش شیٹی، ملیشیا کے کھلاڑی Justin Hoh سے اٹھارہ–اکیس، سولہ–اکیس سے ہارنے کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ x

### CRICKET

کرکٹ میں، لندن میں انڈرسن تینڈلکر ٹیسٹ سیریز کے آخری اور فیصلہ کن مقابلے میں بھارت نے میزبان انگلینڈ کے خلاف اب سے کچھ دیر پہلے 3وکٹ پر 96رن بنا لئے تھے۔ اس سے قبل بارش کے سبب میدان گیلا ہونے کی وجہ سے دوسرے وقفے کے کھیل میں تاخیر ہوئی۔ میزبان ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت اس وقت سیریز میں ایک دو سے پیچھے ہے اور وہ اسے برابر کرنے کی کوشش کرے گا۔×

☆☆☆☆☆☆